**سینیٹر حافظ رشید احمد:** شکریہ جناب چیئرمین! پہلے تو آپ کی ruling پر آپ کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میرا supplementary question ہے کہ سوال میں پوچھا گیا ہے D.G. Immigration کے دفتر میں permanent and contract basis پر بھرتی شدہ افراد کے نام کیا ہیں؟ جس کے جواب میں جو صوبہ وار تفصیلات دی گئی ہیں اس میں regular basis 159 پر بھرتی ہوئے جبکہ contract basis 427 پر بھرتی کیے گئے ہیں۔ میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہ رہا ہوں کہ جو list دی گئی ہے اس میں Northern Areas and FATA کی ہے، وہ صرف دو آدمی ہیں اور اس میں دو confusions ہیں، ایک یہ کہ یہ دو یا تین آدمی Northern Areas سے ہیں یا FATA سے ہیں۔ دوسری confusion یہ ہے کہ پانچ چھ سو آدمیوں میں سے Northern Areas and FATA سے صرف دو یا تین افراد بھرتی کرنا میرے خیال میں کیا زیادتی نہیں ہے؟ آپ خود اندازہ لگائیں کہ ان حالات میں مسائل نہیں ہوں گے تو اور کیا ہو گا؟

**جناب چیئرمین:** حافظ صاحب خالی سوال کریں discussion میں مت جائیں۔ جی وزیر صاحب۔

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** جناب والا! جتنی آسامیاں ہوتی ہیں اسی کے مطابق کوٹا fix ہوتا ہے اگر دو کا کوٹا ہے تو دو کا ہی ملے گا۔ جو لوگ exactly recruit ہوئے ہیں وہ تفصیل میں ان کو دے دیتا ہوں، یہ میرے پاس پوری پڑی ہوئی ہے۔ اس میں دوسرے صوبوں کی بھی تفصیلات ہیں I will place it before you, you have a look on it ایک لمبی list ہے۔

**جناب چیئرمین:** یہ ایوان کو دے دیجیے کہ یہ ایوان کی property بن جائے اور تمام ممبران اس کو دیکھ سکیں۔

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** جی ٹھیک ہے۔ اس میں Grade-14 کے ہیں، Grade-7 کے ہیں Naib Qasids, Dispatch Riders, Chowkidars, Sweepers ہیں اور جہاں جہاں ان کی ضرورت پڑی اور اس میں جو contract employees ہیں ان میں بھی ہم نے خیال رکھا ہے کہ quota system کو پورے طریقے سے observe کیا جائے۔ جناب والا! یہ ایک لمبی list ہے، اس کا کیونکہ FATA کے حوالے سے مخصوص سوال ہے تو ان دو آدمیوں کی تفصیل کے ساتھ جو quota ہے وہ میں determine کر کے دے دوں گا۔

**جناب چیئرمین:** جی زاہد صاحب۔

**سینیٹر محمد زاہد خان:** جناب والا! وزیر صاحب سے میرا سوال ہے کہ UDC Grade-9 کے جو لوگ ہیں یہ کل چالیس ہیں، ان میں بیس پنجاب سے ہیں۔ جس طریقے سے انہوں نے FATA کا ذکر کیا ایک آدمی لیا گیا ہے وہ Northern Areas سے ہے یا FATA سے ہے۔ چالیس آدمیوں میں

سے Northern Areas or FATA کے لیے ایک آدمی کا کوٹا آتا ہے اور دوسرا سوال کہ جو LDC Grade-7 ہے اس میں کل ساٹھ لوگوں کو لیا گیا ہے جس میں پنجاب کے اکتیس ہیں اور اس میں بھی Northern Areas and FATA کے دو ہیں۔ آپ بتا سکتے ہیں کہ کس کوٹے کے حساب سے آپ نے یہ تقسیم کی ہے؟

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** جناب والا! کل 159 on regular basis recruit ہوئے، ان میں merit 11 پر ہیں، پنجاب سے 55 ہیں، سندھ اربن سے 8 ہیں اور سندھ رورل سے 12 ہیں، سرحد سے 13 ہیں، بلوچستان سے 3 ہیں، FATA کے 3 ہیں اور آزاد کشمیر کے 2 ہیں۔ اگر یہ نیا سوال کر دیں تو میں پورا determine کر کے percentage-wise تفصیل پیش کر دوں گا۔

Mr. Chairman: Next Question No. 71 of Ch. Shujaat Hussain, anyone on his behalf. Chatta Sahib.

71. *Chaudhry Shujaat Hussain :Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) Whether it is a fact that a meeting of the representatives of five "Tenzeemat-ul-Madaris" was held recently under the Madrasa Education Authority to bring Madaris into national main stream, if so, the details of decisions taken in that meeting; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to give Deeni Madaris under the administrative control of the Ministry of Education?

Mr. A. Rehman Malik: (a) The establishment of "Madrassa Education Authority" or under some other duly agreed name, has been on the agenda of Ministry of Interior. In this connection, a number of meetings have been held with reps of ITMD during the year. The last meeting was held in the Ministry of Interior on 29 Sep, 09. Minister for Interior chaired the meeting. Representatives from Ittehad Tanzeemat-e-Madaris Deenia Pakistan, including Maulana Saleemullah Khan, President, Prof. Mufti Muneeb-ur-Rehman, General Secretary, Maulana Hanif Jalandhri, Prof. Sajid Mir, Ayatullah Syed Riaz Hussain Nafji, Dr. Atta-ur-Rehman were present. After lengthy discussion, a Sub-Committee headed by Secretary Interior was constituted with reps from M/o Education, Religious Affairs and Chairman, Pakistan Madrassa Board. Five representatives from ITMD are also members of the Committee.

(b) At present, there is no proposal under consideration in the Ministry of Interior to give Deeni Madaris under the administrative control of the Ministry of Education.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر نعیم حسین چھٹہ: جناب والا! یہ بہت اہم سوال ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: تمام سوالات اہم ہوتے ہیں آپ سوال کریں۔

**سینیٹر نعیم حسین چھٹہ:** مدارس کو قومی دھارے میں لانے کی تجویز تھی، اس کے لیے تنظیم المدارس کی میٹنگ بھی ہوئی اور اس کے بعد انہوں نے جواب دیا ہے کہ ہم نے ذیلی کمیٹی بنا دی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ذیلی کمیٹی کو بھی اتنا لمبا period نہیں دینا چاہیے بلکہ ان کے لیے کوئی time frame fix کردیں تاکہ وہ اس time frame کے اندر وہ اپنی رپورٹ پیش کر سکیں اور اسے قومی دھارے میں لانے کی کوشش کی جائے۔

**جناب چیئرمین:** آپ کا سوال یہ ہونا چاہیے کہ کیا کوئی time frame fix کیا جارہا ہے کہ نہیں؟ یہ سوال بن رہا ہے۔

**سینیٹر نعیم حسین چھٹہ:** اس سوال کا دوسرا حصہ یہ ہے کہ میٹرک تک تعلیم صوبوں میں مفت ہے اگر اس کے ساتھ uniform and lunch کا بندوبست بھی کر دیا جائے تو جو غریب لوگ صرف اس لیے مدارس میں بچے بھیجتے ہیں ان کو بھی فائدہ ہوگا اور وہ بچے دہشت گردی کا ایندھن بننے سے بچ جائیں گے۔

**جناب چیئرمین:** جی سوال یہ آرہا ہے کہ کیا آپ لوگ free lunch دیں گے کہ نہیں دیں گے؟ جی وزیر صاحب۔

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** شکریہ جناب چیئرمین! فاضل ممبر کا سوال بہت اچھا ہے اور اس پر basically کام ہو رہا ہے۔ اس میں تھوڑی سی problem یہ ہے کہ پانچ وفاق المدارس جنہیں ہم تنظیم المدارس کہتے ہیں وہ سارے involve ہیں۔ اگر ایک بھی absent ہو تو ہمارے لیے proceed

کرنا بہت مشکل ہوتا ہے لیکن اچھی چیز یہ ہے کہ جتنا بھی کام اس وقت تک ہوا ہے اور ان کے ساتھ جو discussions ہوئی ہیں ان discussions کے مطابق کام کافی آگے بڑھ چکا ہے۔ صرف اور صرف ایک چیز رہ گئی ہے۔ جو ہو چکی ہے میں ذرا بتا دوں کیونکہ وہ important ہے کہ ہم نے تنظیم المدارس کے ساتھ agree کیا ہے کہ سیکولر ایجوکیشن that will become part of our religious education. جتنے بھی ادارے ہیں وفاق المدارس کے تحت جو پرچے بنائیں گے یا اس کا examination ہوگا، جو invigilators ہوں گے، سارے کے سارے ایک regulation کے تحت ہوں گے۔ Basically جو ہمارا ایک difference of opinion آتا رہا کہ کیا تنظیم المدارس امتحان لے سکتے ہیں؟ وہ بھی settle ہو چکا ہے اور اس کا نام پہلے مدرسہ اتھارٹی رکھا تھا اور مدرسہ اتھارٹی ہمارے تنظیم المدارس کے علمائے کرام کو پسند نہیں آیا تھا۔ اس میں Prime Minister Sahib نے بھی directive دیا کہ ایسا نام رکھیں جو ہمیں بھی ، government کو بھی suit کرے، public کو بھی suit کرے اور علمائے کرام کو بھی suit کرے۔ اب ان سے ہم نے کہا ہے کہ تین نام دے دیں۔ ان تین ناموں میں سے ہم ایک چنیں گے۔ اگلے دو ہفتے کے دوران ہماری meeting انشاء اللہ ہو جائے گی۔ That will be final stage. اس کے بعد جب ہم اس کی enactment propose کر رہے ہیں تو میں سمجھتا ہوں میرے حساب سے time frame کم از کم دو مہینے ضرور لگیں گے اور اس کے اندر اندر انشاء اللہ we will do our best to complete within this time line.

**جناب چیئرمین:** مولانا غفور حیدری صاحب۔

**سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری:** بہت شکریہ، مدرسہ ایجوکیشن بورڈ کافی عرصے سے قائم ہے اور private sector میں دینی مدارس ایک این جی او کی صورت میں کام کر رہے ہوتے ہیں۔ اس حوالے سے میں پوچھنا یہ چاہوں گا کہ مدارس کے ساتھ حکومت کے رابطے بھی ہیں اور مدارس کے حوالے سے یہ چھپتا بھی رہتا ہے کہ ان کے لیے فنڈز بھی مختص ہیں لیکن اس جواب میں یہ چیز نہیں آئی۔ میں پوچھنا یہ چاہوں گا کہ private sector میں دینی مدارس جو ایک بڑی قومی خدمت انجام دے رہے ہیں وہ اس لحاظ سے بھی کہ وہ بچے جو اسکول نہیں جا سکتے نہ ان کے پاس اسکول کے لیے فیس ہے، نہ یونیفارم ہے نہ lunch ہے نہ ہاسٹل کے اخراجات ہیں۔ وہ دینی مدارس کا رخ کرتے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** سوال کر لیجئے مولانا صاحب۔

**سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری:** تو private sector میں جو دینی مدارس خدمات سر انجام دے رہے ہیں حکومت ان کے لیے سالانہ کوئی بجٹ مختص کرتی ہے اور اگر کرتی ہے تو وہ کتنا ہے؟

**جناب چیئرمین:** ٹھیک، جی. Minister Sahib

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** بجٹ نہیں ہے لیکن جو ہم نے ابھی agreement کیا اس کے مطابق logistics کے لیے فنڈز ہوں گے کیونکہ ایک ایسا مسئلہ جس طرح غفور حیدری صاحب نے فرمایا کہ ایک اچھا کام بھی ہو رہا ہے لیکن جہاں اچھا کام ہو رہا ہے وہاں پانچوں انگلیاں برابر نہیں ہوتی ہیں لیکن for the last six months مدرسوں سے بہت cooperation مل رہا ہے۔ جو بھی

ایسی negative چیز آتی ہے تو اس میں وہ ضرور help کرتے ہیں۔ جہاں تک فنڈز کو regulate کرنے کا تعلق ہے۔ ظاہر ہے جب تک وہ login نہیں ہوتے ، ہمیں پتہ ہی نہیں تھا پہلے کہ ٹوٹل مدرسے کتنے ہیں؟ اب پتہ چلا ہے کہ ٹوٹل بیس ہزار ہیں۔ ساڑھے سترہ ہزار اب تک ہم رجسٹر کر چکے ہیں اور ساری ایجنسیاں بھی کام کر رہی ہیں، پولیس فورس بھی کام کر رہی ہے۔ میرا خیال ہے کہ انشاء اللہ اگلے چند باقی بھی complete ہو جائیں گے لیکن basically جو ہم نے فیصلہ کیا ہے تنظیم المدارس کے ساتھ کہ وہ مدرسے جو اپنی رجسٹریشن نہیں کرائیں گے they will automatically not be able to function in the country. لیکن basically ان مدرسوں کو ہم main دھارے میں لا رہے ہیں۔ جب وہاں پر سیکولر ایجوکیشن بھی آجائے گی، تین faculties ہوں گی جو کہ آرٹ، پری میڈیکل، پری انجینئیرنگ تو وہ بھی ایک لازم subject ان کے ساتھ ہو جائے گا۔ تو جو فنڈز دوسرے institutions کو مل رہے ہیں یا جو treatment دوسرے institutions کو مل رہی ہے وہی treatment انشاء اللہ ان کو دی جائے گی۔

**جناب چیئرمین:** سینیٹر کلثوم صاحبہ۔

**سینیٹر کلثوم پروین:** جناب چیئرمین! Minister for Interior کی اپنی بھی گوناگوں مصروفیات ہیں۔ میں ایک quickly question پوچھوں گی کہ جو ذیلی کمیٹی بنی تھی اور جس میں بڑے معتبر نام ہیں۔ اس کمیٹی کی کیا رپورٹ ہے؟ مدرسہ ایک بہت بڑی این جی او ہے جو کہ دینی تعلیم کے لیے اور دنیاوی تعلیم دونوں کے لیے بہت ضروری ہے۔ اس وقت ہمارے سکول، کالج یا

یونیورسٹیاں اس غریب طبقے کو سب کو سہولیات نہیں دے سکتے۔ یہ وہ این جی او ہے جو کھانا پینا سب فری دیتے ہیں۔ ہم اس پر نہ بیٹھے رہیں کہ ہم اس کو کیا نام دیں گے۔ جو نام دیں، جو شکل دیں مگر کم از کم اس ذیلی کمیٹی کی رپورٹ آنی چاہیے۔ جناب میری ایک چھوٹی سی request ہے کہ یہ بہت بڑا اور important issue ہے ہمارے بچوں کے لیے۔۔۔

**جناب چیئرمین:** سوال کر لیجئے۔

**سینیٹر کلثوم پروین:** جناب! میرا سوال ہے اس مسئلے کو کمیٹی کو دے دیں، اس کو مذہبی امور کی کمیٹی کو دے دیں تا کہ اس معاملے کو اچھے طریقے سے جانچا، پڑتالا جائے کہ کیا وجہ ہے کہ آج ہم مدرسوں کو کوئی نام نہیں دے سکے؟ وہی مدرسہ جہاں ہزاروں، لاکھوں بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ Interior Minister بہت مصروف آدمی ہیں۔

**جناب چیئرمین:** آپ question پوچھیں۔

**سینیٹر کلثوم پروین:** جناب! میرا question یہ ہے کہ اس کو آج مذہبی امور کی کمیٹی کو دے دیں تا کہ یہ جو ہمارے دینی مسائل ہیں ان کو حل کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی سوال کا جواب دے دیجئے گا۔ Thank you سینیٹر صاحبہ۔

**Senator A. Rehman Malik:** We have decided to give this subject to the Ministry of Interior to the extent the registration and regulating it in such a way that this anomaly

ختم ہو جائے۔ مدرسوں کے نام کی کوئی بات نہیں، مدرسوں کے نام کے لحاظ سے تو سب کے اپنے اپنے مدرسے ہیں۔ ہر فقہ نے اپنا نام رکھا ہوا ہے۔ ہم بات کر رہے ہیں کہ ٹوٹل like a university ہے۔ اس کے نیچے colleges ہیں۔ وہ university کے level کا جو authority اس کو regulate کرنے کے لیے اس کی بات کر رہی ہے جو کہ تقریباً ہم نے decide کر لیا ہے۔ باقی جہاں تک کسی ذیلی کمیٹی کو دینے کا تعلق ہے مجھے کوئی objection نہیں اگر کسی کی کوئی suggestion ہے from the honourable House, I will most welcome and I will incorporate in that same suggestions I*nsha Allah*.

**جناب چیئرمین:** خالد سومرو صاحب آپ کا بھی مدرسہ سے تعلق ہے۔ آپ سوال کرنا چاہتے ہیں please کیجئے۔

**سینیٹر ڈاکٹر خالد محمود سومرو:** میں یہ کہتا ہوں کہ کافی عرصے سے یہ مسئلہ سامنے آیا ہے اور اس کو اچھالا بھی جاتا ہے اور کبھی کبھی مدارس کو دہشت گردی کا ذمہ دار قرار دیا جاتا ہے حالانکہ یہ بہت بڑے این جی اوز ہیں۔ لاکھوں بچے یہاں پڑھتے ہیں اور اسکول کی لازمی تعلیم میٹرک تک تمام مدارس میں لازماً پڑھائی جاتی ہے۔ Mathematics بھی ہے، انگریزی بھی ہے دوسرے subjects بھی ہیں لیکن بات یہ ہے کہ اگر ایک نوجوان اپنی مرضی سے ڈاکٹر بننا چاہتا ہے اس کو کوئی نہیں روکتا۔ ایک اپنی مرضی سے انجینیئر بننا چاہتا ہے تو اس کو کوئی نہیں روکتا۔ اگر کوئی اپنی مرضی سے عالم بننا چاہتا ہے اور specialization کرنا چاہتا ہے۔۔۔۔۔

**جناب چیئرمین:** سوال کیجئے نا.please

**سینیٹر ڈاکٹر خالد محمود سومرو:** میں کہتا ہوں کہ اس پر علمائے کرام نے تجاویز دی ہوئی ہیں لیکن اگر ان تجاویز کو سینیٹ میں لایا جائے تاکہ علمائے کرام کی تجاویز بھی اراکین کے سامنے آئیں اور اگر اس پر کچھ تجاویز یہاں سے چلی جائیں تو معاملات کو حل کرنے میں آسانی ہو گی۔

**جناب چیئرمین:** بہت بہت شکریہ، جی .Minister Sahib

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** سومرو صاحب کی بات سے متفق ہوں لیکن چونکہ کیبینٹ کی طرف سے ایک direction ہے جو اگلے چند روز میں finalize ہو رہی ہے enactment is going to be there. In any case it is going to be laid down before the Parliament. اور اگر کوئی ایسی suggestion جو یہ سمجھتے ہیں کہ نہیں آئی ہے تو we are happy to take it but representations respective جو پانچوں فقہوں کے علماء جن کی فقہوں سے ہیں تو I think کہ سب کی proposals incorporate ہو رہی ہیں۔ اگر کوئی رہ گئی جیسے ڈاکٹر سومرو صاحب کے پاس کوئی تجاویز ہیں تو please مجھے ضرور دیجئے گا I will also incorporate in that.

Mr. Chairman: Thank you, now we come to next question, Wali Muhammad Badini Sahib, anyone on his behalf? Yes Zahid Sahib.

72. *Mir Wali Muhammad Badini: Will the Minister for Interior be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the government to install walk through gates and metal detectators at various check posts in Islamabad, if so, when?

Mr. A. Rehman Malik: No such proposal is under consideration.

Mr. Chairman: Yes, any supplementary?

سینیٹر محمد زاہد خان: جی supplementary ہے۔ یہ honourable Minister Sahib سے کیا گیا ہے کہ جو چیک پوسٹیں ہیں اسلام آباد میں جس طرف سے بھی آئیں ہر ایک راستے پر تقریباً تین سے چار چیک پوسٹیں ہیں اور جتنی دقت ہوتی ہے، چونکہ میں پنڈی سے آتا ہوں ہم جتنی بھی چیک پوسٹوں سے آرہے ہیں ان میں سے سرینا ہوٹل کے آگے دو ہیں۔ ایک ہوٹل کے بالکل چوک کے ساتھ ہے اور ایک اس سے پیچھے ہے۔ آپ یقین جانیں کہ سرینا ہوٹل میں تو کسی کو آنے بھی نہیں دے رہے اور اس کے ساتھ تو عجیب سی بات ہے کہ ایک تو ہماری پولیس کھڑی ہے اور ساتھ سرینا ہوٹل کے گارڈز بھی کھڑے ہیں اور وہ چکر سے بھی کسی کو ادھر آنے نہیں دے رہے۔ Minister Sahib کہتے ہیں -----

جناب چیئرمین: سوال کر لیجئے، زاہد صاحب۔

سینیٹر محمد زاہد خان: میں یہ کہہ رہا ہوں کہ walk through gates ہمارے ہاں کہیں بھی نہیں ہیں۔ آپ مجھے بتائیں کہ اسلام آباد میں آنے کے لیے ایک سے ڈیڑھ گھنٹہ لگتا ہے۔ آپ

کیوں کہہ رہے ہیں کہ ہمارے زیر غور نہیں ہے۔ آپ کو چاہیے کہ walk through gates لگائیں تاکہ عوام کو تو کوئی تکلیف نہ ہو اور جو آپ نے سرینا ہوٹل کے آگے لگائے ہیں۔ مہربانی کریں اگر یہ روڈ سرینا ہوٹل نے کرائے پر لیا ہوا ہے تو بھی ہاؤس کو بتایا جائے کہ کتنا کرایہ وہ دے رہے ہیں؟ اگر نہیں دے رہے ہیں تو پھر یہ سرینا ہوٹل کے حوالے آپ نے کیوں کیا ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی. Minister Sahib

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** سینیٹر زاہد صاحب نے جن جذبات کا اظہار کیا ہے میں ان کو appreciate کرتا ہوں لیکن جب security issues آتے ہیں تو پھر بہت سی ایسی چیزیں ہوتی ہیں جو ہمیں Security Advisors یا Security Experts دیتے ہیں ان کی suggestions کو ماننا پڑتا ہے۔ ابھی میرا خیال ہے لوگوں کے ذہنوں سے یہ چیز نہیں نکلی جو میریٹ میں ہوا اور میریٹ ہوٹل میں جس قسم کا دھماکا ہوا، وہ آپ کے سامنے تھا اور Serena was the only Hotel left جو آپ کے foreigners آتے تھے، یہ سرینہ ہوٹل کی request بھی تھی اور ہم نے assessment بھی کی کہ اس کو دو تین layers میں protect کیا جائے، وہ جگہ جو بنائی گئی ہے وہ کسی کو favour نہیں کی گئی، یہ ایک security requirement تھی اس کے مطابق ہم نے کیا۔ باقی سینیٹرز صاحبان کو جو ایک گھنٹہ زحمت ہوتی ہے اس کی معافی چاہتا ہوں لیکن security is more important than this time of inconvenience. اور جو scanners لائے ہیں اس سے شاید یہ time reduce ہو جائے۔ ہم

کل یا پرسوں دو scanners لگا دیں گے۔ We are just determining کہ ہم کہاں ان کو لگائیں جس سے یہ دونوں پنڈی اور اسلام آباد کو cater کر سکیں۔ So, we will try to reduce the travelling time اور جتنے کم سے کم نا کے ہم کر سکے وہ انشاء اللہ کریں گے۔ But it will take time اور جونہی electronically ہم کنٹرول کر سکے اس کے بعد یہ manual search کم ہو جائے گی۔ ابھی ایک دو مہینے برداشت کر لیں۔ میں معزز ممبران سے اور اسلام آباد کی پبلک سے اپیل کروں گا کہ دیکھیں کہ اسلام آباد اس وقت secure ہے، لوگ باہر جا کر دھماکے کرتے ہیں اور اندر داخل ہونے کا ان کو موقع نہیں دیا جاتا۔ Security and the protection of the citizens of Islamabad is very important.

**جناب چیئرمین:** شکریہ۔ جی وسیم سجاد صاحب۔

**سینیٹر وسیم سجاد:** جناب والا! اس وقت اسلام آباد میں نقل و حرکت بہت مشکل ہو گئی ہے اور جو سفر منٹوں میں ہوتا تھا وہ گھنٹوں میں ہوتا تھا، ہسپتال جانا ہوتا ہے، تکلیف ہوتی ہے۔ میں security concern سمجھتا ہوں، معلوم یہ ہوتا ہے کہ اس کے لیے کچھ عرصہ لگے گا۔ It is not something which will go off in months or weeks. انہوں نے electronic devices کا اشارہ کیا ہے، جس طرح E-Tag کا ایک سسٹم ہے کہ جو گاڑی cleared ہے، باقاعدہ screening کر کے اس کو کوئی ایسی device دے دی جائے کہ وہ آرام سے نکل جائے، اس سے میرے خیال میں کچھ سہولت ہو گی۔ کیا وزیر صاحب اس پر غور کرنے کو تیار ہیں؟

سینیٹر اے رحمٰن ملک: جناب! وسیم سجاد کے پاس electronic knowledge کافی ہے، ہم تھوڑا سا advance ہیں ۔ ہم اسے شروع کرنے والے ہیں to save cities Peshawar, Islamabad and Karachi, they would be electronically controlled through cameras اور RF2 کی جو SIM card ہے وہ گاڑیوں کی نمبر پلیٹ پر لگا رہے ہیں جو گاڑیاں cleared ہوں گی ان کو روکنے کی ضرورت نہیں پڑے گی اور جب وہ main gate سے گزریں گی automatically they can go. جس کو روکنا ہو گا، جس پر شک ہو گا that will be stopped but it will take time.

جناب چیئرمین: جی بلور صاحب۔

Senator Ilyas Ahmed Bilour: I do understand the problem of the honourable Minister and the problem of the country regarding the security but the answer over here is very different that no such proposal is under consideration.

ہمارا مقصد یہ ہے کہ وہ لگنے چاہییں ۔ ان کو چاہیے یہ تھا کہ جواب دیتے، ہم ضرور scanners لگا رہے ہیں لیکن answer بڑا عجیب سا دیا گیا ہے اور ابھی کہہ رہے ہیں کہ ہم scanners لگانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آرہی کہ آیا جواب غلط ہے یا یہ خود غلط فرما رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** جناب! میں دوبارہ عرض کر دیتا ہوں کہ scanners ہم نے منگوائے ہیں، دو پہنچ چکے ہیں، اگلے ہفتے چھ اور آئیں گے، کچھ موبائل scanners ہیں، کچھ fixed scanners ہیں اور جو دو fixed scanners ہیں وہ تقریباً دو ہفتے ہوئے پہنچے ہیں، ان کو assemble کیا گیا ہے، اب اس کی جگہ کا تعین کر رہے ہیں کہ کہاں لگائیں تاکہ یہ جو ناکوں والا کام ہے اور لوگوں کی جو inconvenience ہے وہ ختم ہو سکے، in next three to four days آپ کو خبر ملے گی کہ ہم نے لگا دیے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** جی ہارون صاحب۔

**سینیٹر ہارون خان:** جناب! میرا بھی تقریباً اسی طرح کا سوال تھا لیکن specific سوال یہ ہے کہ جو explosive detective equipment ہے یہ دنیا میں اب available ہے اور انہوں نے companies بھی بلائی تھیں۔ عراق میں بھی اسی طرح کرتے ہیں کہ سو میٹر سے وہ detect کر سکتے ہیں، اس سے ہمارے پولیس والوں کی جانیں بھی بچ سکتی ہیں۔ اس قسم کے کتنے equipment لگانے کا پروگرام ہے ۔ یہ ناکے صرف اسلام آباد میں نہیں ہیں، لاہور میں بھی بڑے ناکے ہیں۔ ان کا کیا plan ہے اور یہ کب تک لگ جائے گا۔

**جناب چیئرمین:** آپ جلدی سے بتا دیں کیونکہ

we have to move to another question.

Senator A. Rehman Malik: To start with all the provincial headquarters are being given the same facility.

ابھی تک جو ہم نے چائنا کے ساتھ contract sign کیا ہے، ٹائم لگے گا۔ ہمارا ملک ان چیزوں سے متعارف نہیں تھا، دوسرا funds کی بھی کمی ہے۔

Please understand how we are going through economic constraints but thanks to China that they have given special loans, soft loans to provide all that and hopefully in coming months you will see the progress.

جناب چیئرمین: ظفر علی شاہ صاحب۔

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: میں نے معزز وزیر صاحب سے اتنا پوچھنا ہے کہ اسلام آباد کے ایریے میں، ان کی entry میں اور within the city جتنے barriers لگے ہیں، جتنی چوکیاں لگی ہیں، جتنے پولیس والے کھڑے ہیں، یہ جب سے لگی ہیں کتنے cases because of barriers اور چوکی انہوں نے دہشت گرد پکڑے ہیں؟

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

سینیٹر اے رحمٰن ملک: پہلے جہاں اب ہم ہیں یہ red zone تھا اس کے بعد جوں جوں دہشت گردی کے واقعات بڑھتے گئے اور attacks کا خطرہ بڑھتا گیا ہم اس zone کو بڑھاتے گئے E-11 to up right it take to had we and spot the at cases میں تین

بتا دیتا ہوں جو ناکوں پر detect ہوئے۔ ایک سب سے بڑا دہشت گرد جس کے پاس سے ہم نے ایک suicide jacket بھی recover کی جو ایک چھوٹی سی مرگلہ کی غار سے ملی جو پارلیمنٹ پر حملہ کرنا چاہتا تھا .that suicide bomber is with us دوسرا جہاں سے آپ E-11 میں enter ہوتے ہیں ، وہاں ایک ناکہ ہے،وہاں سے آپ کو یاد ہو گا کہ بندے موٹر سائیکل پر بھاگے تھے ان میں سے one was killed at the spot اور اس سے بھی suicide jacket ملی۔ اس طرح کے بہت سے واقعات ہیں اگر یہ fresh question کر دیں تو میں آپ کو پوری detail بتا دوں گا one by one کہ کتنے فائدے مند ہیں۔ میں ایک چیز یہاں پر عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ آپ کو یاد ہو گا کہ جب میریٹ پر دھماکا ہوا تھا تو سب سے پہلے یہ بات کی گئی کہ وہ مرگلہ روڈ سے کیسے گزر گیا، اس کو چیک کیوں نہیں کیا گیا۔ اب جب ہم چیک کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ آپ نے ناکے ڈال دیے ہیں۔ I am sorry sir, for security I have to go by the advice of the security advisors. میں نے یہ عرض کیا ہے اور it is my submission to the House and the people of Pakistan and the people living in Islamabad کہ تھوڑے مہینے اور صبر کریں *Nakas* we are trying our best to do away with لیکن ان کی حفاظت کے لیے ان security ناکوں کی نہایت ہی ضرورت ہے۔ ہمیں لوگوں کو روکنے سے کوئی خوشی نہیں ہوتی، خدا نخواستہ کل کوئی دھماکا ہو گا تو کہا جائے کہ security failure ہے اس طرح دونوں طرف سے ہماری مشکل ہے ،اگر دھماکا ہو جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ security ٹھیک نہیں ہوئی اس لیے مہربانی کر کے give us some margin in this.

**جناب چیئرمین:** جی طارق عظیم صاحب۔

**سینیٹر طارق عظیم خان:** میں وزیر صاحب سے agree کرتا ہوں کہ جہاں پر بھی security کا معاملہ ہو گا، تھوڑی سی تاخیر ہو گی اور ہمیں bear کرنا چاہیے، یہ بات بالکل ٹھیک کہتے ہیں لیکن جناب چیئرمین صاحب! یہ خالی equipment کا معاملہ نہیں ہے، اس کو operate کون کرتا ہے اس کا بڑا معاملہ ہے۔ یہاں پر دو قسم کے لوگ موجود ہیں ایک ٹریفک سے لوگ ہیں جو بہت efficient ہیں اور سب لوگ جانتے ہیں، دوسرے وہ ہیں جن کو انہوں نے تھانوں سے لے کر یہاں مقرر کیا ہوا ہے، یہ ان کی training کے لیے کیا کر رہے ہیں۔ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ وہ لوگ موبائل پر باتیں کر رہے ہوتے ہیں یا سگریٹ پی رہے ہوتے ہیں یا گپیں مار رہے ہوتے ہیں۔ وہ خود بڑے upset ہیں کیونکہ وہ جس background سے آئے ہیں، وہ تھانوں سے نکل کر وہاں ناکوں پر لگے ہوئے ہیں، ان کے پیسے مارے جا رہے ہیں جو وہ تھانوں میں بیٹھ کر کما رہے تھے۔ ان کو training کیا دی جا رہی ہے؟ Elite Force تو ان کی security پر لگی ہوئی ہے۔

**جناب چیئرمین:** آپ کا سوال ہے کہ training کیا دی جا رہی ہے؟ جی وزیر صاحب۔

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** طارق عظیم صاحب نے بڑا اچھا point out کیا ہے۔ جناب! basically دیکھا جائے تو ہمارے جتنے بھی law enforces تھے اس قسم کی گوریلہ جنگ اور اس قسم کی security کے challenges سے واقف نہیں تھے۔ اس چیز کو مد نظر رکھا گیا ہے اور ہم نے چائنا سے جو scanners منگوائے ہیں اس کی training کے لیے ہم نے ۲۵ آدمی چائنا بھیجے تھے جو

اب trained ہو کر آچکے ہیں۔ اس کو تھانے کے لوگ operate نہیں کریں گے، IT کے expert officials جن کو trained کیا گیا ہے وہی ان کو handle کریں گے۔ میں جس دن اس کو inaugurate کروں گا تو میں request کروں گا some of my friends from here to come and see اور خود اس کی working دیکھیں تا کہ اگر اس میں کوئی خامی نظر آتی ہے یا یہ ہمیں کوئی بہتر suggestion دے سکتے ہیں اپنے knowledge and expertise کے مطابق تو I would welcome.

**جناب چیئرمین:** جی چٹھہ صاحب. last question

**سینیٹر نعیم حسین چٹھہ:** اس میں میرا سوال یہی ہے کہ walk through gates کے سلسلے میں ہم پارلیمنٹ lodges سے پارلیمنٹ آتے ہیں تو دو دفعہ راستے میں چیک ہوتے ہیں۔ گاڑیوں پر پارلیمنٹ کے جاری شدہ stickers بھی لگے ہوتے ہیں اور سینیٹر یا ایم این اے خود بھی بیٹھا ہوتا ہے تو پھر بھی یہ چیک کرتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کی چیزوں سے ان کو پرہیز کرنا چاہیے اور walk through gates کے سامنے نکلنے کی اجازت دی جائے۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ۔ جی وزیر صاحب briefly جواب دیں۔

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** جناب چیئرمین! لاجز کی سیکورٹی is very paramount کیونکہ دو واقعات ہو چکے ہیں جس میں ایک پلمبر تھا جو کہ یہاں پر دھماکا کروانے والا تھا، وہ well in time پکڑا گیا، he is in custody. دوسری بات یہ ہے کہ سپیکر صاحبہ کی chairmanship

میں ایک decision ہوا تھا کہ وہ لوگ جو بغیر permission کے اس وقت پارلیمنٹ لاجز میں رہتے ہیں ان کو نکالا جائے کیونکہ ان کو نہیں نکال سکتے اور نہ نکالے گئے ہیں، وہاں پر problems ہیں اور جن کو وہاں پر کام نہیں ہے وہ وہاں پر آتے دکھائی دیتے ہیں تو ان کی checking کے لیے it is important کہ آپ کی حفاظت کے لیے ہم ان کو under watch رکھیں۔ ہاں، میں بالکل ان سے متفق ہوں کہ جو گاڑیاں استعمال ہو رہی ہیں َ MNAs کے لیے یا Senators صاحبان کے لیے تو میں اس proposal پر کچھ کام کرتا ہوں کہ ان کو ایک special certificate دیا جائے۔ جب کسی گاڑی کے ساتھ وہ certificate ہو اور MNA یا سینیٹر صاحب تشریف رکھتے ہوں تو پھر کم از کم ان کے ساتھ کسی قسم کی سختی نہ کی جائے۔ جناب! problem یہ ہوتا ہے کہ اس کو لوگ برا سمجھتے ہیں حالانکہ یہ کسی کے ساتھ زیادتی نہیں ہے۔ میں خود بھی تلاشی دیتا ہوں۔ میری گاڑی باہر کھڑی ہے۔ رات کو اس گاڑی میں کوئی device لگا دیتا ہے اور وہ آجاتی ہے تو you will not be able to detect. میری request ہے کہ ہمیں اس میں بالکل insult feel نہیں کرنی چاہیے کیونکہ اگر یہ deterrence نہ رکھیں اور نہ رکھے ہوتے تو میں یقین سے کہتا ہوں کہ تین major blasts جو اس پارلیمنٹ پر avert ہوئے ہیں وہ ہو جاتے۔ میری یہ request ہو گی کہ اس کو kindly personal نہ لیں۔ اس کو سیکورٹی کا معاملہ سمجھیں۔

جناب چیئرمین: جی حاصل بزنجو صاحب۔

سینیٹر میر حاصل خان بزنجو: یہ تمام ممبران کے لئے ایک مصیبت اور مسئلہ بنا ہوا ہے۔ رحمٰن ملک صاحب اگر توجہ دیں تو پھر ہم اس مصیبت سے بچ جائیں گے۔

جناب چیئرمین: ملک صاحب! اس کو دیکھ لیجیے گا۔ حاجی صاحب! ذرا بیٹھ جائیں۔ اپنی باری کا انتظار کیجیے۔ صبر کیجیے۔ اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ ملک صاحب! ان کے ساتھ ایک میٹنگ کیجیے گا۔ میر حاصل صاحب! آپ کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔ بزنجو صاحب! please let me know what has happened, so, it would be taken forward. پہلے سوالات کو ختم کیجیے۔ جی حافظ صاحب! سوال نمبر 76۔

76. *Hafiz Rashid Ahmad: Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) the names of persons declared proclaimed offenders by the courts in various cases registered in Aabpara Police Station, Islamabad during the last five years indicating also the names of those who have not been arrested so far; and

(b) the steps being taken by the Government to arrest the remaining offenders?

Mr. A. Rehman Malik: (a) Reportedly, a total of 76 accused persons involved in various cases registered at Police Station Aabpara, Islamabad were declared Proclaimed Offenders (POs) during the last five years. Details are at Annexure– "A". Out

of these POs, 23 have been arrested and sent to judicial custody and challans against them have also been sent to the courts of competent jurisdiction for trial. Whereas, 53 POs are still at large. Strenuous efforts are being made to arrest the remaining POs by the local police.

(b) Following steps are being taken to arrest the remaining 53 Proclaimed Offenders:

i. Special teams have been constituted to arrest these POs.
ii. Random raids at the residences and other places of Proclaimed Offenders are being conducted by the special teams.

iii. Information regarding the apprehension of POs is being exchanged with concerned authorities of the adjoining districts / provinces for the arrest of the remaining POs.
iv.

Annexure-A

## LIST OF PROCLAIMED OFFENDERS FROM 2005 TO 2009 OF P.S. AABPARA.

| S.No. | FIR No. | Dated | U/S | Name & Address of Proclaimed Offender | Date of Proclamation | Date of Arrest/Judicial |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 03.01.2005 | 392 PPC 20 Haraba | Fayyaz Khan S/o Fazal Karim R/o Barkot, District Sawat | 14.06.2006 | - |
| 2 | - | - | - | Muhamad Haneef alias Ahmed Shah S/o Israr Khan R/o Bijar P.S. Gumbat District Kohat | 14.06.2006 | - |
| 3 | 28 | 24.02.2005 | 489-F PPC | Muhammad Aslam S/o Sardar Muhammad R/o Basti Multani Wala Tehsil Karor Pakka, District Lodhran | 05.04.2007 | - |
| 4 | 77 | 16.04.2005 | 337-A(II) | Abdul Ghaffar S/o Sher Din R/o Chonian District Kasoor | 06.07.2005 | - |
| 5 | 141 | 17.07.2005 | 489-F PPC | Ejaz Ahmed S/o Ahmed Khan Pind Janoo Chak Bani Wali Disrict Mandi Bahaud Din | 23.03.2007 | - |
| 6 | 151 | 28.07.2005 | 489-F PPC | Muhammad Aslam S/o Sardar Muhammad R/o Basti Multani Wala Tehsil Karor Pakka, District Lodhran | 17.04.2007 | - |
| 7 | 273 | 27.12.2005 | 420/468/471 PPC | Mazhar Ehsan S/o Muhammad Ehsan H.No.444/5, Karam Dad Market, Afshan Colony Westridge, Rawalpindi | 24.08.2008 | - |
| 8 | 276 | 31.12.2005 | 420/468/471 PPC | Muhammad Younis Kamal Pasha S/o Hari Man R/o Sohan Azhar Town, Chak Shahzad, Islamabad | 16.01.2007 | 19.01.2007 |
| 9 | 22 | 28.01.2006 | 489-F/109 PPC | Abdul Masqat S/o Farooq Ahmed R/o Qila /sohmia Singh Ahmed Abad District Norowal | 05.08.2007 | - |
| 10 | 32 | 10.02.2006 | 489-F/109 PPC | Babar Hassan S/o Muhammad Hassan R/o H.No.253/C, Sector G-6-1/4, Islamabad | 02.04.2007 | - |
| 11 | 39 | 16.02.2006 | 489-F/109 PPC | Abid Latif S/o Abdul Llatif R/o H.No.170-B, Sector G-7-3/2, Islamabad | 16.05.2007 | 31.12.2008 |
| 12 | 41 | 16.02.2006 | 420/468/471/489-F PPC | M. Ashtiaq S/o Sheikh Ashfaq R/o 2093, St.69, Sector I-10/1, Islamabad | 21.05.2007 | 24.03.208 |
| 13 | 64 | 13.03.2006 | 394/34 PPC | Jehanzeb Tahir S/o Tahir Masih R/o H.No.68 St. 20, Sector G-8/1, Islamabad | 02.02.2008 | 28.02.2008 |
| 14 | 64 | 13.03.2006 | 394/34 PPC | Arif Khan alias Mojoo S/o Idrees Gul R/o H.No.3/6-A St.31, Sector G-7/2, Islamabad. | 02.02.2008 | - |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 15 | 64 | 13.03.2006 | 394/34 PPC | Syed Mustafa Shah S/o Syed Iftikhar H.No.248 St. 31, Sector G-6/2, Islamabad | 02.02.2008 | 17.12.2008 |
| 16 | 142 | 17.05.2006 | 489-F PPC | M.Irfan R/o H.No.2080 St.69, Sector I-10/1, Islamabad | 11.04.2007 | 07.11.2008 |
| 17 | 156 | 07.06.2006 | 489-F PPC | M. Zeshan S/o Abdullah R/o H.No.3/4-A, St.33, Sector G-6, Islamabad | 09.05.2007 | - |
| 18 | 166 | 13.06.2006 | 489-F PPC | Javed Iqbal Hashmi Daily Ausaf, Muzaffarabad Village Kurti District Kotli. | 07.11.2006 | 15.01.2007 |
| 19 | 284 | 08.11.2006 | 420/468/471 PPC | Ghulam Hurr S/o Ghulam Hussain R/o Mohalla Jaffaria P.C. City District Bhakkar. | 03.07.2007 | - |
| 20 | 284 | 08.11.2006 | 420/468/471 PPC | Muhammad Bakhsh S/o Ramzan R/o H.No.275-F-14 P.S.City District Bhakkar. | 03.07.2007 | - |
| 21 | 284 | 08.11.2006 | 420/468/471 PPC | Miran Mai W/o Ghulam Bashir R/o H.No.275-F-14 P.S.City District Bhakkar. | 03.07.2007 | - |
| 22 | 284 | 08.11.2006 | 420/468/471 PPC | Seigha Bishir D/o Ghulam Bashir R/o H.No.275-F-14 P.S.City District Bhakkar. | 03.07.2007 | - |
| 23 | 284 | 08.11.2006 | 420/468/471 PPC | Sakina Bashir D/o Ghulam Bashir R/o H.No.275-F-14 P.S.City District Bhakkar. | 03.07.2007 | - |
| 24 | 286 | 08.11.2006 | 489-F/406 PPC | Nisar Ahmed S/o Sher Ahmed R/o Tatral P.S Chontra District Rawalpindi. | 25.01.2007 | - |
| 25 | 287 | 08.11.2006 | 365/34 PPC | Waqas Ali S/o Sajjad Shah P.S. City District Muzaffarabad. | 22.12.2006 | 30.12.2006 |
| 26 | 287 | 08.11.2006 | 365/34 PPC | Hassan Abbass S/o Abbass Shah R/o Noor Shah P.S. City, District Muzaffarabad. | 22.12.2006 | 30.12.2006 |
| 27 | 312 | 01.12.2006 | 489-F PPC | Ch. Tassadaq Pervaiz S/o M. Sadiq R/o H.No.450 St.11 Sector F-10/2, Islamabad. | 02.05.2007 | 12.12.2007 |
| 28 | 01 | 05.01.2007 | 420/468/471/506/34 PPC | Amanullah Babar S/o Muhammad Shrif R/o Tatli Wali Nowsherah Warkan District Gujranwala. | 30.07.2009 | - |
| 29 | 01 | 05.01.2007 | 420/468/471/506/34 PPC | Muhammad Sharif R/o Tatli Wali Nowsherah Warkan District Gujranwala. | 30.07.2009 | - |
| 30 | 01 | 05.01.2007 | 420/468/471/506/34 PPC | Khurram Shahzad S/o Inyatullah R/o Tatli Wali Nowsherah Warkan District Gujranwala. | 30.07.2009 | - |
| 31 | 01 | 05.01.2007 | 420/468/471/506/34 PPC | Muhammad Boota R/o Tatli Wali Nowsherah Warkan District Gujranwala. | 30.07.2009 | - |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 19.11.2007 | 25-D T.A. | Muhammad Rizwan S/o Mansab Khan R/o Chak Kasaian Wala, District Sargodha. | 25.05.2008 | |
| | | 19.11.2007 | 25-D T.A. | Ahmed Khan S/o Mansab Khan R/o Chak Kasaian Wala, District Sargodha. | 25.05.2008 | |
| 52 | 364 | 05.12.2007 | 489-F PPC | Saqib Sohail S/o Abdul Rehman R.oi H.No.232, St.51, Sector F-10/4, Islamabad. | 11.12.2007 | |
| 53 | 24 | 07.02.2007 | 489-F PPC | Basit Masood S. Masood Ahmed R/o H.No.7 Jawahir Road I-8/3, Islamabad. | 19.09.2009 | 07.10.2009 |
| 54 | 38 | 20.02.2008 | 279/427 PPC | Raja Jabran R/o Yaqoob Haji Shaheen R/o Dhok Gangal Road, Rawalpindi | 14.04.2008 | - |
| 55 | 57 | 04.03.2008 | 489-F PPC | Arshad S/o Ghulam Haider R/o Saddar, Gujrat. | 22.10.2008 | - |
| 56 | 61 | 05.03.2008 | 489-F PPC | Anjum Naveed S/o Habeebullah R/o Chak No.86 Shumali Cantt, Sargodha | 19.12.2008 | - |
| 57 | 66 | 12.03.2008 | 489-F PPC | Sohail Yousaf S/o Muhammad Yousaf R/o Office No.1, Babar Plaza, Sector I-10 Islamabad. | 07.08.2008 | - |
| 58 | 77 | 25.03.2008 | 489-F PPC | Farooq S/o Ibrahim Farooq R/o H.No.7 St.22, Sector G-10/2, Islamabad. | 23.07.2008 | - |
| 59 | 80 | 28.03.2008 | 489-F PPC | Tabasum Muneer S/o Muhammad Fazil R/o 1/3-B, Sector G-7/4, Islamabad. | 21.08.2009 | 06.04.2009 |
| 60 | 81 | 28.03.2008 | | Ansar ul Haq S/o Mushtaw Ahmed R/o Partal Jhang Syedan Karal, Islamabad. | 23.07.2008 | 20.01.2009 |
| 61 | 81 | 28.03.2008 | 489-F PPC | Raza ul Haq S/o Mushtaw Ahmed R/o Partal Jhang Syedan Karal, Islamabad. | 23.07.2008 | 06.09.2008 |
| 62 | 85 | 01.04.2008 | 406 PPC | Tamoor Arslan R/o Sameen Arslan R/o H.No.LB-68, Lane No.2, Chaklala, Rawalpindi | 05.07.2008 | 25.10.2008 |
| 63 | 93 | 08.04.2008 | 489-F PPC | Muhammad Raheem S/o Muhammad Hassan R/o Babi Abdullah Garments, Choice Shop, Waris Khan, Rawalpindi. | 06.06.2009 | - |
| 64 | 133 | 14.05.2008 | 420/468/471/489-F PPC | Sh. Muhammad Haneef S/o Siddique R/o Flat No.7, Gali 9, Shamas Colony, Rawalpindi. | 02.04.2009 | - |
| 65 | 133 | 14.05.2008 | 420/468/471/489-F PPC | Zafar Iqbal S/o Muhammad Bakhsh R/o H.No.3/3-B, Sector F-7/2, Islamabad. | 02.04.2009 | - |
| 66 | 140 | 20.05.20088 | 302/365/34 | Muhammad Ali S/o Sh. Muhammad Sharif R/o Gulbarg Shaheen Bazar, Gujrat. | 31.01.2009 | 04.02.2009 |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 67 | 145 | 25.05.2008 | 489-F PPC | Ashiq Saleem S/o Allah Bakhsh R/o H.No.327 St.18, Sector I-8/2, Islamabad. | 24.02.2009 | - |
| 68 | 154 | 03.06.2008 | 406 PPC | Yousaf Zehshan S/o Ashfaq R/o Parach Gan, District Nowsherah. | 31.01.2009 | - |
| 69 | 193 | 10.07.2008 | 382/34/411 PPC | Shaneel James S/o Inrary R/o Qadir Colony, Iqbal Town, Islamabad. | 11.03.2009 | - |
| 70 | 226 | 07.08.2009 | 148/149/506/109 PPC | Iftikhar Shahzad R/o Muhamamd Shahzad R/o H.No.16 St.3, British Colony, Islamabad. | 08.04.2009 | - |
| 71 | 266 | 07.08.2009 | 148/149/506/109 PPC | Malik Sarfraz S/o Marasal R/o H. 6 Block 5-C, PIMS Colony, Islamabad. | 08.04.2009 | - |
| 72 | 226 | 07.08.2009 | 148/149/506/109 PPC | Waqar alias Car R/o Khyban-e-Sir Syed, Rawalpindi. | 08.04.2009 | - |
| 73 | 226 | 07.08.2009 | 148/149/506/109 PPC | Raja Khalid S/o Meherban R/o H.No.138-A, St.29, Sector G-7-3/1, Islamabad. | 08.04.2009 | 27.04.2009 |
| 74 | 325 | 31.10.2008 | 25-D T.A. | Khurram Javed S/o Muhammad Javed R/o H.No.117-A, St.14 old Hawai Ground Cantt, District Lahore. | 15.08.2009 | - |
| 75 | 350 | 19.11.2008 | 489-F PPC | Qaiser Rehman S/o Ishaq R/o Murree Miari, Public Committee P.S. Murree, District Rawalpindi | 03.11.2009 | - |
| 76 | 67 | 13.03.2009 | 406 PPC | Imran Arshad S/o Arshad Latif H.No.333/C-1, Lain No.4, Peshawar Road, Rawalpindi. | 28.08.2009 | - |

Mr. Chairman: Any supplementary question? Please, be brief for asking the question.

وقت بہت کم ہے۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: میں نے پوچھا ہے کہ کیا وزیر داخلہ بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران آبپارہ پولیس اسٹیشن میں رجسٹرڈ مختلف کیسوں میں عدالت کی طرف سے قرار دیے گئے اشتہاری ملزمان افراد کے نام کیا ہیں، نیز جن کو اب تک گرفتار نہیں کیا گیا ہے ان کے نام کیا ہیں، اور

(ب) باقی ملزمان کو گرفتار کرنے کے لئے حکومت نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

تو جہاں تک میں پڑھ رہا ہوں۔ اس میں مختلف ضلعوں کے لوگ بھی شامل ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ سوال کیجیے۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: جی میں آتا ہوں۔ جہاں تک میں پڑھ رہا ہوں اس میں مختلف ضلعوں کے اشتہاری ملزمان بھی شامل ہیں۔ تو میں یہ پوچھنا چاہ رہا ہوں کہ دوسرے ضلعوں کے لوگوں کو پکڑنے کے لئے حکومت نے کوئی اقدامات اٹھائے ہیں اور چھاپے وغیرہ مارے جا رہے ہیں؟

سینیٹر اے رحمٰن ملک: Pakistan Penal Code میں ایک procedure ہوتا ہے اور اس کے اوپر پولیس کے rules ہیں کہ کیسے ایسے لوگوں کو گرفتار کیا جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جب کسی بندے کو گرفتار کیا جاتا ہے تو اس کو proclaimed offender declare کیا جاتا ہے۔

P.Os. کی circulation سارے صوبوں میں کی جاتی ہے۔ دوسرے صوبے بھی empower ہوتے ہیں گرفتار کرکے بھیجنے کے لئے۔ جب بھی کوئی مخبری ہوتی ہے تو اس کے مطابق وہ arrest کے procedures جاری رہتے ہیں اور پولیس بھی اسی procedure کو follow کرتے ہوئے اس کو جاری رکھے ہوئے ہے اور کوشش کر رہی ہے کہ جتنے بھی .P.Os ہیں وہ جتنی جلدی ہو سکے پکڑے جا سکیں اور انہیں پکڑنے کی پوری کوشش کی جا رہی ہے۔ ظاہر ہے کہ جب کوئی .P.O ہوتا ہے تو وہ بڑا سوچ سمجھ کر کسی دوسرے ضلع میں جاتا ہے اور اس کے لئے جو procedures مقرر ہیں ان پر پورا عمل ہو رہا ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی سینیٹر وسیم سجاد صاحب۔

**سینیٹر وسیم سجاد:** جناب چیئرمین! 76 cases اشتہاری ملزمان کے خلاف بنے ہیں۔ ان میں آپ دیکھیں کہ سیریل نمبر 3,5,6,9,10,11 پر میں نے 31 cases ایسے گنے ہیں جو 489-F کے ہیں۔ یعنی تقریباً 50% cases are under 489-F ہیں۔ تو کیا منسٹر صاحب بتائیں گے کہ اتنی زیادہ تعداد 489-F کی کیوں ہے؟

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** جناب چیئرمین! یہ ملزمان جو جرم کرتے ہیں وہی دفعہ ان کے خلاف لگائی گئی ہے۔ تو اگر 50% ہیں تو .this was the requirement کوئی extra نہیں لگائی گئی ہے۔

**جناب چیئرمین:** نہیں ان کا سوال کچھ اور ہے۔

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** جناب! یہ نیا question پوچھ لیں۔ میں جواب دے دوں گا۔

**جناب چیئرمین:** 489-F میں دیکھ رہا ہوں with regard to the transaction of the Banks. کسی چیک کے dishonour پر۔

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** جناب چیئرمین! میں اس کی وجہ بتاتا ہوں۔ وجہ یہ ہے کہ یہاں پر چھوٹے دکاندار ہیں آپس میں لین دین کرتے ہیں تو ان لوگوں کے چیک dishonour ہو جاتے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** نہیں وہ پوچھ رہے ہیں کہ ان کیسوں کے لوگ زیادہ کیوں ہیں؟

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** اس لئے کہ یہ لوگ زیادہ تر چیک دیتے ہیں جو dishonour ہو جاتے ہیں۔ یہ نہیں ہے کہ جان بوجھ کو پکڑا نہیں جا رہا ہے۔ یہ نیا question پوچھ لیں۔ میں مکمل جواب دینے کے لئے تیار ہوں۔

**سینیٹر وسیم سجاد:** جناب والا! چوری کر کے بھی بھاگ سکتا ہے۔ قتل کر کے بھی بھاگ سکتا ہے اور ڈاکا ڈال کر بھی بھاگ سکتا ہے۔ صرف اس سیکشن کے تحت کیوں بھاگ رہے ہیں؟ اس میں میرا خیال ہے کہ تھوڑی توجہ کی ضرورت ہے۔ یا تو قانون میں خامی ہے یا کوئی procedure میں خامی ہے؟ لوگ محسوس کرتے ہیں کہ ہمیں انصاف نہیں ملے گا اور بھاگ جائیں۔ 489-F کا جو سیکشن ہے اس کو examine کرنے کی ضرورت ہے۔ اس میں کوئی زیادہ سختی تو نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے کہ اس سیکشن کو examine کرنے کی ضرورت ہے۔

سینیٹر اے رحمٰن ملک: جناب! جو ابھی تک ہم نے کئے ہیں وہ یہ ہیں کہ پورے پاکستان میں یہ مسئلہ ہے۔ مثال کے طور پر اگر UAE میں جائیں اور چیک dishonour ہو تو سب سے بڑا جرم ہے۔

Mr. Chairman: Kazim Khan sahib, when the Minister is speaking, the rules are that you cannot get up and speak. Please read the rules.

آپ بیٹھ جائیں۔

سینیٹر اے رحمٰن ملک: زیادہ تر دفعات 471, 467, 468, 420 لگتی ہیں but stringent and punitive actions or measures اس میں نہیں ہیں۔ اس کے لئے میں agree کرتا ہوں وسیم سجاد صاحب سے کہ اس کو ہمیں review کرنا چاہیے۔

جناب چیئرمین: جی کاظم خان صاحب! آپ کا کوئی سوال ہے تو کیجیئے؟ جب منسٹر صاحب جواب دے رہے ہوں تو اس وقت اسے توجہ سے سننا چاہیے۔

سینیٹر محمد کاظم خان: اس کا وزارت داخلہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ جو سوال تھا وسیم سجاد صاحب کا وہ یہ تھا کہ اس میں کوئی خامی تو نہیں ہے۔ یہ 489-F تو لاء منسٹری سے متعلق ہے۔ اس قانون میں اگر کوئی خرابی ہے تو اس کو ٹھیک کرنا چاہیے نہ کہ وزارت داخلہ سے پوچھا جائے۔

**جناب چیئرمین:** آپ کا سوال کوئی ہے؟

**سینیٹر محمد کاظم خان:** میرا سوال کوئی نہیں ہے۔ میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ اس کا کوئی تعلق وزارت داخلہ سے نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین:** ٹھیک ہے۔ جی کلثوم صاحبہ۔

**سینیٹر کلثوم پروین:** جناب چیئرمین! میں منسٹر صاحب کی knowledge میں لانا چاہ رہی ہوں۔ آبپارہ تھانہ وہ جگہ ہے جہاں تین تین سال سے لوگوں کی ٹرانسفر نہیں ہوتی۔ یہ تھانے بھی بکتے ہیں۔ ایک پولیس والے کا تبادلہ ہوتا ہے تو فوراً اس کا تبادلہ دوبارہ اسی جگہ کر دیا جاتا ہے۔ آپ وہاں پر چلے جائیں۔ مجھے خود تجربہ ہوا ہے۔ میں خود ایک دفعہ وہاں پر گئی تو ایک سب انسپکٹر نے اٹھ کر بندوق تھام لی اور کہنے لگا کہ مجھے نہیں پتا کہ سینیٹر کون ہوتی ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی سوال پوچھیں۔

**سینیٹر کلثوم پروین:** میرا یہی سوال ہے کہ اس تھانے سے ٹرانسفرز کیوں نہیں ہوتیں۔ میں یہ منسٹر کی knowledge میں لانا چاہتی ہوں۔

**جناب چیئرمین:** اس پر ایک fresh question کی ضرورت ہے۔ جی منسٹر صاحب۔

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** جناب چیئرمین! میں اسی کا جواب دینا چاہتا ہوں۔ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ تھانے بک رہے ہیں۔ یہ کوئی ثبوت دیں تو میں اس کا ذمہ دار ہوں گا۔ یہ مجھے کوئی ثبوت فراہم کردیں تو میں شام سے پہلے action لوں گا اور اقدام کروں گا۔

نمبر 2۔ اسلام آباد میں ایک مسئلہ ہے۔ یہاں پر Inspectors limited ہیں اور چونکہ ایک force limited ہے تو وہی لوگ دوبارہ آتے جاتے ہیں۔ اس بات سے میں متفق ہوں کہ آج وہ آبپارہ میں، کل وہ چک شہزاد میں ہوگا۔ چک شہزاد سے پھر وہ ترنول میں جاتا ہے۔ یہ سات آٹھ میں revolve کرتا ہے۔ اس کے لئے میں نے IGP کو directions دی ہیں کہ یہاں پر جتنے انسپکٹرز ہیں ان ساروں کو نکال دو اور جو سب انسپکٹرز ہیں ان کو promote کرکے ان کو موقع دیں۔ لیکن میں بہت سختی کے ساتھ resent کروں گا کہ پولیس والا گولیاں کھاتا ہے، آبپارہ میں دیکھیں کہ وہ شہید ہوئے ہیں۔ ان کی بھی تعریف کر دیں۔ تھانے میں بھی وہی ہوتے ہیں۔ لیکن اگر کوئی specific شکایت ہے تو I am ready to take action and I make a commitment to this House کہ اگر میرے نوٹس میں کوئی چیز ایسی آتی ہے تو I will take serious action, not only action بلکہ میں اسے گرفتار کروں گا۔

**جناب چیئرمین:** Very good, ٹھیک ہے۔ حافظ رشید صاحب سوال نمبر 79۔

79. *Hafiz Rashid Ahmad: Will the Minister for Interior be pleased to refer to Senate starred question No. 43 replied on 14th

October, 2009 and state the details of utilization of grant of Rs.283 million meant for payment of compensation for civilian causalities and damages to properties during military operation with agency-wise/ area-wise break up?

Mr. A. Rehman Malik: (a) Details of compensation sanctioned for payment to the victims of terrorists incidents (death cases) in FATA provided with Agency wise/area wise break-up is as under:—

| Name of Agency | No of dead | Amount paid (million) |
|---|---|---|
| (i) Kurram | 79 | 23.7 |
| (ii) Bajaur | 95 | 28.5 |
| (iii) Mohmand | 09 | 2.700 |
| (vi) Khyber | 09 | 2.70 |
| (v) North Waziristan | 17 | 5.100 |
| (vi) South Waziristan | 248 | 74.40 |
| (vii) Orakzai | 120 | 36.00 |
| (viii) F.R. Kohat | 44 | 9.900 |
| (vix) F.R Tank | 33 | 9.90 |
| Total | 654 | 192.900 |

(b) Details of compensation sanctioned fir payment to the victims of terrorists incidents (serious injured persons) in FATA with Agency wise/area wise break-up is as under:—

| Name of Agency | No of Serious Injured | Amount paid (million) |
|---|---|---|
| (i) Kurram | 107 | 10.70 |
| (ii) Bajaur | 30 | 3.00 |
| (iii) Mohmand | 06 | 0.6 |
| (vi) Khyber | 65 | 6.5 |
| (v) North Waziristan | 23 | 2.300 |
| (vi) South Waziristan | 391 | 39.10 |
| (vii) Orakzai | 212 | 21.20 |
| (viii ) F.R Kohat | 59 | 3.150 |
| Total | 893 | 86.55 |

(c) Details of compensation sanctioned for payment to the victims of terrorists incidents (minor injured persons) in FATA with Agency wise/area wise break-up is as under:

| Name of Agency | No of minor injured | Amount paid (million) |
|---|---|---|
| (i) Kurram | 50 | 1.25 |
| (ii) Bajaur | 35 | 0.875 |
| (iii) North Waziristan | 03 | 0.075 |
| (iv) South Waziristan | 50 | 1.25 |
| (vi) F.R Kohat | 04 | 0.100 |
| Total | 142 | 3.55 |

No funds have been allocated for payment to affectees of property damages.

Mr. Chairman: Any supplementary question?

سینیٹر حافظ رشید احمد: جناب چیئرمین! انہوں نے Agency-wise دی گئی رقم بتائی ہے۔ میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس رقم کو تقسیم کرنے کے لئے انہوں نے کیا طریقہ کار بنایا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے املاک کے نقصان کی مد میں کوئی معاوضہ نہیں دیا ہے۔ تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟ کیا یہ معاوضہ ادا کرنے کا ان کا کوئی پروگرام ہے؟

سینیٹر اے رحمٰن ملک: جناب والا! یہ ایک مسئلہ پندرہ سال سے چل رہا تھا۔ مختلف قسم کے operations ہوتے رہے اور وہاں پر جو loss ہوا وہ regrettable ہے اور بہت زیادہ تھا۔ اس سلسلے میں میری گورنر صاحب سے meetings ہوئیں and we have worked out to go forward. اب اس میں ایک طریقہ ہے جو کہ ہم شہید محترمہ بینظیر بھٹو انکم سپورٹ پروگرام کے تحت بھی وہاں پر گئے ہیں، جو لوگ یہاں پر شہید ہوئے ہیں اور جن کا نقصان ہوا ہے، اس کا survey has been ordered اور survey کے مطابق جس جس کا نقصان ہوا اس کو payment ہو گی۔ باقی جو distribution کا معاملہ ہے تو ظاہر ہے political administration والے یہ کام کرتے ہیں۔ Ministry of Interior کا role اس میں نہیں ہے لیکن اگر distribution میں ان کو کوئی شک ہے یا کوئی suggestion دینا چاہتے ہیں تو please give it to me. I will take it up with the Governor and make sure کہ یہ کام smoothly ہو۔

**جناب چیئرمین:** جی رشید صاحب۔

**سینیٹر عبدالرشید:** جناب والا! انہوں نے جو اعداد و شمار جمع کیے ہیں اس میں انہوں نے فاٹا اور ہر ایجنسی کی سطح پر جو کمیٹی بنائی تھی، آیا فاٹا کے ایم این ایز یا سینیٹرز اس میں شامل تھے یا نہیں تھے کیونکہ میری information یہ ہے کہ ان اعداد و شمار اور حقائق میں تضاد ہے۔

میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ انہوں نے جو اعداد و شمار جمع کیے ہیں مثلاً مرنے والوں کے تو آیا وہاں پر جو سرکاری ملازمین ہیں مثلاً Levies force اور ان کے جو ملازمین شہید ہوئے ہیں، آیا یہ ان اعداد و شمار میں شامل ہیں یا نہیں ہیں کیونکہ کل مجھے فون آیا تھا کہ باجوڑ ایجنسی میں Levies 22 والے شہید ہوئے ہیں لیکن وہ list میں نہیں تھے۔ پھر میں نے political agent سے رابطہ کیا کہ یہ کیوں شامل نہیں ہیں تو انہوں نے کہا کہ یہ امداد ان کے لیے نہیں ہے۔ اگر یہ سرکاری ملازمین ان اعداد و شمار میں شامل نہیں ہیں تو ان کے لیے کیا کوئی الگ programme یا package ہے یا نہیں؟

**جناب چیئرمین:** ٹھیک ہے آپ کا سوال آگیا ہے۔ اب وزیر صاحب جواب دیتے ہیں۔ حافظ صاحب آپ بھی بیٹھ جائیے آپ کا سوال ہو گیا ہے۔ آپ بیٹھ جائیے آپ کی turn ختم ہو گئی ہے۔ جی وزیر صاحب۔

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** جتنے بھی ہمارے پاس اعداد و شمار آئے ہیں یہ through political administration, FATA Secretariat آتے ہیں۔ ان کا یہ سوال ہے کہ اس میں کیا

This needs a fresh ہمارے elected representatives ہیں یا نہیں ہیں۔ question, I will ask, لیکن میری اپنی حیثیت میں proposal ہو گی کہ ان کو شامل کیا جائے اور میں یہ recommendation Governor and FATA Secretariat کو دوں گا انشاء اللہ۔ جہاں تک وہ لوگ جو سرکاری ملازم ہیں اور وہ شہید ہوتے ہیں تو ان کے لیے ایک set procedure, set SOP (Standard Operational Procedure) ہے اور ان کو automatically پیسے ملتے ہیں اور اس مرتبہ جب وزیراعظم صاحب گئے تھے Frontier میں، پختونخواہ میں، تو پہلے compensation تین لاکھ ہوتی تھی، انہوں نے اس کو تین لاکھ سے بڑھا کر بیس لاکھ کر دیا اور education side پر بھی شہداء فنڈ ہم نے قائم کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو available ہے وہ figure civilians کے لیے ہے، جن کو record کے مطابق جو بھی political administration کے پاس آئے ہیں ان کو دی جا چکی ہے۔ اگر یہ سمجھتے ہیں کہ کسی کو نہیں ملی ہے تو اس کی تفصیل مجھے دے دیجیئے گا، I will take up the matter with the relevant authority.

**جناب چیئرمین:** سینیٹر عباس۔

**سینیٹر عباس خان:** میں معزز وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ایک تو یہ جو figures دیے ہیں، یہ سارے fake figures ہیں۔ FR Kohat میں ایک دھماکے میں 44

آدمی ہلاک ہوئے ہیں جبکہ اخبار، ٹی وی اور ساری دنیا اس کی گواہ ہے کہ وہاں سینکڑوں لوگ مرے ہیں۔ ایک تو یہ ساری رپورٹ جھوٹ پر مبنی ہے، اس میں کوئی سچائی نہیں ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے لکھا ہے کہ وہاں جو جائیداد اور املاک کو نقصان پہنچا ہے اس کے لیے کچھ بھی مختص نہیں کیا ہے۔ کراچی میں ایک دھماکا ہوتا ہے تو وہاں پر اربوں روپے دیے جاتے ہیں۔ فاٹا میں پچھلے آٹھ سال میں لوگوں کی جائیدادیں، فارم، پلازے سب کچھ تباہ ہوگئے ہیں لیکن ان کے لیے ایک روپیہ بھی نہیں رکھا جاتا۔ ایک ہی ملک میں دو قسم کے قانون کیوں ہیں۔ ہمارے قبائل کے ساتھ مکمل طور پر ناانصافی ہو رہی ہے اور میں واک آؤٹ کرتا ہوں اس چیز پر اور ہم جب بھی کوئی سوال کرتے ہیں تو ہمارے ساتھ ناانصافی ہوتی ہے اس لیے جب تک یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا میں یہاں نہیں بیٹھوں گا۔ قبائل کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔

(اس موقع پر سینیٹر عباس خان کے ساتھ فاٹا کے سینیٹر صاحبان نے واک آؤٹ کیا۔)

**جناب چیئرمین:** جی وزیر صاحب۔

**سینیٹر اے رحمٰن ملک:** جناب والا! یہاں پر dead لوگوں کی بات ہو رہی ہے، شہداء کی بات ہو رہی ہے، property کے متعلق بات نہیں ہو رہی ہے۔ Property کے متعلق ابھی سوال انہوں نے کیا، ان کو چاہیے کہ یہ نیا نوٹس دیں میں ان کو پوری detail لا کر دے دوں گا۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہم بات کر رہے ہیں 2009-10-14 تک کی جبکہ یہ جو بات کر رہے ہیں یہ

دوسری کر رہے ہیں۔ یہ نیا سوال کریں میں ان کو جواب دوں گا۔ I will take the answer from the FATA Secretariat and present it to the House.

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ عافیہ ضیا صاحبہ، اگلا سوال پوچھیں۔ جب تک آپ لوگ ان کو منا کر لے آئیں۔ حاجی عدیل صاحب، زاہد صاحب آپ لوگ بھی جائیے ذرا ان کو منا کر لائیں۔

82. *Mst. Afia Zia: Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) the steps taken by the Government to eliminate human trafficking in the country; and

(b) the number of persons arrested for involvement in the said crime during the years 2008 and 2009?

Mr. A. Rehman Malik: (a) FIA immigration has the responsibility of checking the documents of the passengers at the designated exit/entry point's i.e. 11 airports, 07 land routes, & 04 seaports.

